© rasailojaraid.com



# حسنِ انتقاد

تبصرہ کے لیے دو کتابوں کا آنا ضروری ہے

تبصرہ: ابوالادیب

## مجلّہ: ششماہی السیر ۃ (العالمی)

مدیر: سید فضل الرحمٰن  ضخامت: ۴۱۶ صفحات  قیمت: ۱۵۰ روپے

ناشر: زوار اکیڈمی پبلی کیشنز۔ اے ۴/۱۷ ناظم آباد نمبر ۴ کراچی نمبر ۱۸

حضرت مولانا سید فضل الرحمٰن اور سید عزیز الرحمٰن قابل مبارک باد ہیں، جو تسلسل کے ساتھ ''السیر ۃ'' کا اتنا ضخیم شمارہ شائع کررہے ہیں۔ جس میں صرف اور صرف رسول پاک ﷺ کی ذات بابرکات کی سیرت سے متعلق ہی مضامین شامل کئے جاتے ہیں۔ یہ حقیقی معنوں میں سیرتِ طیبہ اور تعلیماتِ نبوی ﷺ کا نقیب، علمی و تحقیقی مجلّہ ہے

''السیر ۃ'' کے تازہ ۱۱ ویں شمارہ میں بھی سیرت کے موضوع پر جید علماء کے بارہ مقالات شامل ہیں۔ جن میں ڈاکٹر سید محمد ابوالخیر کشفی، پروفیسر علی محسن صدیقی، پروفیسر ڈاکٹر نثار احمد، ڈاکٹر جنید ندوی، پروفیسر ظفر احمد، مولانا محمد حنیف جالندھری، مولانا اکرام اللہ جان قاسمی، ڈاکٹر محمود الحسن عارف، ڈاکٹر عبدالرؤف ظفر، ڈاکٹر اقبال جاوید اور سید عزیز الرحمٰن جیسے اہل قلم اور محققین کے وقیع اور پُر مغز مضامین شائع کئے گئے ہیں۔ خاص طور پر پروفیسر ظفر احمد صاحب کا قسط وار مضمون ''السیر ۃ النبویہ، توقیعی مطالعہ''، پروفیسر علی محسن صدیقی کا مقالہ ''طلوعِ آفتابِ رسالت'' (سیرت طیبہ بعثت سے ہجرت تک)، ڈاکٹر اقبال جاوید کی تحریر ''مقالاتِ سیرت، تعارفی جائزہ'' اور نائب مدیر سید عزیز الرحمٰن کا ''پیغام سیرت، اخلاق نبوی کے خانگی مظاہر'' نہایت اعلیٰ اور تحقیقی مقالات ہیں اور ''السیر ۃ'' کی جان ہیں۔ مجلّہ اعلیٰ سفید کاغذ پر، چہار نگا خوبصورت ٹائٹل کے ساتھ جاذب نظر ہے۔

## برصغیر کے دینی مدارس (نصاب و نظام کا ایک جائزہ)

مؤلف: مولانا محمد عیسیٰ منصوری  ضخامت: ۱۳۲ صفحات  قیمت: ۶۰ روپے  ناشر: ورلڈ اسلامک فورم لندن

ملنے کا پتا: دارالکتاب، کتاب مارکیٹ، غزنی سٹریٹ، اردو بازار۔ لاہور

مولانا محمد عیسیٰ منصوری، ورلڈ اسلامک فورم لندن کے چیئرمین ہیں۔ صاحب مطالعہ آدمی ہیں۔ ملّت اسلامیہ کو درپیش مسائل پر ان کی گہری نظر ہے۔ دینی مدارس اور ان کے نظام و نصاب میں اصلاحِ احوال کے لئے انہوں نے معقول تجاویز پر مشتمل یہ کتاب تدوین کی ہے، جس میں اپنے نقطۂ نظر کے اظہار کے علاوہ انہوں نے مولانا ابوالکلام آزادؒ، مولانا مناظر احسن گیلانیؒ، مولانا رشید احمد گنگوہیؒ، مولانا سید محمد یوسف بنوریؒ، مفتی محمد شفیعؒ اور سید ابوالحسن علی ندویؒ کے اس



© rasailojaraid.com